# اندیسوا فٹ بال کا ستارہ

Eden Daniels
Eden Daniels
Samrina Sana
Urdu
Level 2

(imageless edition)

اندیسوا اُن لڑکوں دیکھتی تھی جو فٹ بال کھیلتے تھے۔
اُس کی خواہش تھی کہ وہ اُن کے ساتھ شامل ہو۔
اُس نے کوچ سے پوچھا کہ کیا وہ اُن کے ساتھ کھیل
سکتی ہے؟

کوچ نے اپنے ہاتھ کوہلوں پر رکھتے ہوئے کہا اس سکول میں صرف لڑکوں کو فٹ بال کھیلنے کی اجازت ہے۔ اُس نے کہا۔

لڑکوں نے اُسے بتایا کہ وہ نیٹ بال میں جائے۔
اُنہوں نے کہا نیٹ بال لڑکیوں کے لیے جبکہ فٹ
بال لڑکوں کے لیے۔ اندیسوا بہت اُداس تھی۔

اگلے دن سکول کا ایک بہت بڑا فٹ بال کا میچ تھا۔
کوچ بہت پریشان تھا کیونکہ اُس کا سب سے بہترین
کھلاڑی بیمار تھا اور وہ کھیل نہیں سکتا تھا۔

اندیسوا بھاگتی ہوئی کوچ کے پاس گئی۔ اور اُس نے منت کی کہ اُسے کھیلنے دیا جائے۔ کوچ کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ پھر اُس نے فیصلہ کیا کہ اندیسوا ٹیم میں شامل ہو سکتی ہے۔

کھیل بہت سخت تھا۔ کسی نے بھی آدھے وقت میں گول نہیں کیا تھا۔

کھیل کے نصف وقت کے دوران ایک لڑکے نے اندیسوا کو گیند دیا۔ وہ تیزی سے بھاگتی ہوئی گول کی طرف گئی اُس نے گیند کو بہت زور سے لات ماری اور گول کر دیا۔

ہجوم خوشی سے جھوم اُٹھا اُس دن سے لڑکیوں کو
بھی سکول میں فٹ بال کھیلنے کی اجازت مل گئی۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

## اندیسوا فٹ بال کا ستارہ

Written by: Eden Daniels
Illustrated by: Eden Daniels
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution-NonCommercial 3.0 International License.